بِسمِ اللهِ الرحمٰنِ الرحِیم


**Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.**

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 27 - 26 - 061-6514525

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان


حوالہ نمبر: AM-1 1772 -1448/s

تاریخ: 06-02-1448
21-07-2026

گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب مدظلہم

مدرسہ/جامعہ.........................................

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 15 محرم الحرام 1448ھ مطابق یکم جولائی 2026ء میں ہونے والے اہم فیصلے اور قواعد وضوابط برائے آگاہی وعملدرآمد پیش خدمت ہیں:

(1) درجہ کتب کا سالانہ امتحان حسب سابق ایک ہی مرحلہ میں ہوگا۔ امسال درجہ کتب کا سالانہ امتحان یکم تا 6 شعبان المعظم 1448ھ مطابق 9 تا 14 جنوری 2027ء بروز ہفتہ تا جمعرات جبکہ درجہ حفظ کا امتحان 24 تا 29 رجب المرجب 1448ھ مطابق 2 تا 7 جنوری 2027ء بروز ہفتہ تا جمعرات ہوگا ان شاء اللہ۔

(2) امتحانی نظم وضبط کے حوالے سے مدارس اپنے طلبہ کی تربیت خود کریں۔ مدارس اپنے امتحانات کو وفاق کے قواعد وضوابط کے مطابق منعقد کر کے اس کی عملی مشق اور طلبہ کی ذہن سازی کریں۔ تاکہ امتحانِ وفاق میں نقل ودیگر امتحانی بے ضابطگیوں کا سدِ باب ہو اور امتحان کا انعقاد قواعد وضوابط کے مطابق ہو سکے۔ امتحان میں نقل کی شکایت کی صورت میں ادارے کی انتظامیہ سے بھی باز پرس کی جائے گی۔

(3) امتحانِ وفاق میں نقل ودیگر امتحانی بے ضابطگیوں کی روک تھام اور امتحانی مرکز کے اندر نظم وضبط بہتر بنانے کے لیے امتحانی ہال کشادہ ہونے چاہییں۔ دورانِ امتحان طلبہ کے درمیان کم از کم تین فٹ کا فاصلہ رکھا جائے گا اور ہر طالب علم کو نشست سمیت کم از کم 16 مربع فٹ جگہ دی جائے گی۔

(4) مدارس وجامعات اپنے درجہ الحاق تک وفاق کے امتحان میں نگرانی کے لیے تجربہ کار، مستعد اور اہل نگران عملہ کے نام دیں گے۔ نیز اپنے اساتذہ کی ذہن سازی کر کے بھیجیں کہ وہ پوری دیانت داری اور مستعدی کے ساتھ مفوضہ امور انجام دیں تاکہ وہ اپنے ادارے کی بدنامی کا باعث نہ ہوں۔

(5) ضمنی امتحان میں داخلے کے وقت متعلقہ مدرسہ/جامعہ اپنے ہر طالب علم کے پرچوں کی نشاندہی کرے گا کہ اس نے کون کون سا پرچہ دینا ہے۔ آن لائن داخلہ ہوتے ہی پہلے پرچے کے نمبر کالعدم شمار ہوں گے۔

(6) اہل مدارس وجامعات تعلیم کا سلسلہ یکم رجب سے پہلے ختم نہ کریں اور نہ ہی ختم بخاری کی تقریبات اس سے پہلے منعقد کی جائیں۔ نیز تعلیمی سال کے اختتام پر ہونے والی تقریبات کے عنوان سے طلبہ وطالبات سے چندہ وصول نہ کیا جائے۔

(7) ایسے افراد جو بنیادی دینی تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن اپنی عملی زندگی کی مصروفیات کے باعث مدرسہ میں باقاعدہ داخل ہو کر تعلیم حاصل نہیں کر سکتے، وہ دراسات دینیہ کی تعلیم آن لائن حاصل کر سکتے ہیں اور ان کا امتحان وفاق کے تحت ہوگا۔

(8) متوسطہ سال سوم میں معاشرتی علوم، بہشتی گوہر اور سیرت رسول کا ایک پرچہ ہوگا، جس میں معاشرتی علوم کے دو سوال اور تیسرے سوال میں بہشتی گوہر اور سیرت رسول کا ایک ایک جز ہوگا۔ ہر جز کو حل کرنا لازم ہوگا۔ جبکہ باقی تمام کتابوں کا الگ الگ مستقل پرچہ ہوگا۔

والسلام

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

وفاق المدارس